# انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)
# والدین کے لیے رہنما خطوط

## انفرادی تعلیمی (IEP) پروگرام کیا ہے؟

IEP ایک تحریری منصوبہ ہے۔ یہ ایک عام فہم دستاویز ہے جس میں کسی غیر معمولی طالب علم کی انفرادی قوتوں اور ضرورتوں، ان ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے قائم خصوصی تعلیمی پروگرام اور خدمات کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں، نیز یہ بھی کہ یہ پروگرام اور خدمات اس تک کس طرح پہنچائی جائیں۔ اس میں طالب علم کی پیش رفت کا بیان، اور کامیابی کے ساتھ اگلے درجات میں منتقلی کا منصوبہ بھی شامل ہے۔

IEP میں مختصراً درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

- آپ کے بچے کی قوتیں اور ضرورتیں
- تشخیص کے اعداد و شمار
- آپ کے بچے کو مہیا کی جانے والی خصوصی تعلیمی خدمات
- راحتی وسائل (ایسی نگہداشت، خدمات جو آپ کے بچے کی نصاب اورتعلیم تک رسائی میں مدد کریں گی)
- پروگرام ترمیمات (ایسی تبدیلیاں جو اونٹاریو نصابات میں گریڈ لیول کی توقعات کے لیے مطلوب ہیں)
- متبادل پروگرام/ کورسز جن کی نمائندگی اونٹاریو نصابات میں نہیں ہے (مثلاً ذاتی توجہ، اورینٹیشن/ موبیلیٹی تربیت (بصری معذوری والے بچے سکھانا کہ وہ کہاں ہے اور جس سمت جانا چاہتا ہو اس طرف کیسے چلے)، سمعی نطقی مداخلت کی تدبیریں، اور/ یا امریکی اشاراتی زبان کی مہارتیں پیدا کرنا۔)
- ہر ایک پروگرام کے میدان میں آپ کے بچے کی کارکردگی کا موجودہ معیار
- آپ کے بچے کے اہداف اور خصوصی توقعات
- آپ کے بچے کی کامیابیوں اور ترقی پر نظر رکھنے کے لیے جانچ کی تدبیریں
- مستقل اَپ ڈیٹ بھیجنا، تاریخوں، نتائج اور سفارشات سے باخبر رکھنا
- ایک عبوری منصوبہ یا منتقلی پلان
- طبی/صحتی امداد/خدمات
- ایک حفاظتی منصوبہ

## انفرادی تعلیمی پروگرام کس طرح کام کرتا ہے؟

IEP ایسے خصوصی تعلیمی پروگرام اور خدمات پیش کرتا ہے جو آپ کے بچہ کو مہیا ہوں گے۔

IEP کی تکمیل کے پانچ مرحلے ہیں: ۔

1. اطلاعات کی فراہمی۔
2. جہت کا تعین۔
3. منصوبہ سازی۔
4. منصوبہ بند سرگرمیوں کی عمل آوری۔
5. IEP پر نظر ثانی اور اسے اَپ ڈیٹ کرنا، بشمول عبوری منصوبہ اور حفاظتی منصوبہ۔

## جہت کا تعین

### ایک موثر IEP ٹیم ممبر کے طور پر میں کس طرح کام کروں؟

طلبہ اس وقت سب سے زیادہ کامیاب رہتے ہیں جب ٹیم کے اراکین ساتھ مل کر قابلِ حصول اہداف کے لیے کام کریں۔

بطور والدین:

- ہر وقت اپنے بچے پر توجہ مرکوز رکھیے ؛
- اس کے استاد کو بتائیے کہ اپنے بچے کی تدریس سے آپ کون سی توقعات رکھتے ہیں؛
- نئے خیالات اور معلومات فراہم کرتے رہیے ؛
- سوالات پوچھا کیجیے؛ اور
- ہر شخص کی آراء کو اہمیت دیا کیجیے۔

## والدین کے طور پر ہمارا رول کیا ہے؟

IEP کے نفاذ کے دوران اور عبوری منصوبہ بندی میں والدین بہت موثرمعاون کا کردار ادا کرتے ہیں۔ IEP پروسس کے پانچوں مرحلوں کو سمجھنا اور ان میں شرکت کرنا بہت اہم ہے۔ اس کے ساتھ ہی، اپنے بچے کی IEP کاپی مانگنا ہرگز نہ بھولیے، اس کے اسکول میں داخلے کے تیس دنوں کے اندر اندر، تاکہ ان کے لیے منصوبہ بند کی گئی گھر کی سرگرمیوں میں آپ معاونت کر سکیں۔ آپ اپنے بچے کے سیکھنے کے طریقے کو جس طرح جانتے ہیں، کوئی دوسرا نہیں جان سکتا۔ اس لیے اپنے بچے کے بارے میں اس کی استاد کو یہ جانکاریاں لازمی طور پر فراہم کیجیے:

- اس کی استعداد اور صلاحیتں؛
- اس کی پسند، ناپسند اور دل چسپیاں؛
- غیر نصابی سرگرمیوں میں اس کی دل چسپیاں؛
- اہلِ خانہ کے ساتھ رشتے اور ان کی ڈائنیمک/حرکی نوعیت (وسیع تر کنبے اور پالتو جانوروں سمیت)؛
- ہمجولیوں کے ساتھ اس کے رشتے اور ان کی نوعیت؛
- گھرمیں روز مرہ کا روٹین اور نظامِ الاوقات؛
- مستقبل کی توقعات اور خواب، مختصر اور طویل مدتی اہداف/مقاصد سمیت؛ اور
- آپ کا بچہ سب سے زیادہ کس طریقے سے سیکھتا ہے (مثلاً، خود کرکے، مظاہرہ دیکھ کر، وغیرہ)

## میرے بارے میں سب کچھ /IPP بارے میں

اپنے بچے کے 'میرے بارے میں سب کچھ' (آل اباوٹ می) پورٹ فولیو (K-6) سے متعلق بات کرنے پر غور کریں یا پھر 'انفرادی راستے کا منصوبہ' کے بارے (گریڈ 7 سے 12) میں بات کریں۔ 'کامیابی کا راستہ بناتے ہوئے: نو تشکیل شدہ تعلیم اور کیریئر/ زندگی کی منصوبہ بندی پروگرام' کے تحت یہ طریقے مستقبل کی منصوبہ بندی کرنے میں طالبِ علم کی مدد کرتے ہیں کیوں کہ اس سے وہ سیکھنے کے چار بنیادی میدانوں میں تجربات سے گزرتے اور معلومات و ہنرمندیاں پیدا کر لیتے ہیں:

- میں کون ہوں؟
- مجھے ملنے والے مواقع کون کون سے ہیں؟
- میں کیا بننا چاہتا/چاہتی ہوں؟
- اپنے مقاصد کی تکمیل کے لیے میرا منصوبہ کیا ہے؟

'کامیابی کی گزرگاہیں بناتے ہوئے' پروگرام کی مزید جانکاری کے لیے برائے مہربانی YRDSB کی پبلک ویب سائٹ www.yrdsb.ca کے طلبہ اور والدین کے ٹیب Student and Parent پر جائیں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ اپنے بچے کے استاد کے لیے درج ذیل عنوانات کے تحت اطلاعات بھی فراہم کرنا چاہیں:
جسمانی
ذہنی
تعلیمی
ثقافتی
جذباتی
معاشرتی

- طبی اطلاعات
- ایتھلیٹک صلاحیتیں
- نجی نگہداشت
- چھوٹے بڑے پٹھوں کو استعمال کرنے کی صلاحیت
- گھریلو صلاحیتیں
- ایسی تدبیریں جو اس پر کارگر ہوئیں یا نہیں ہوئیں
- کمیونیکیشن کی تدابیر
- تشخیص/جانچ
- سیکھنے کے اطوار
- کام اور صلاحیتوں کی مثالیں
- تحریک
- مزاج
- جذباتی صحت
- ثقافتی اور لسانی ملحوظات
- معاشرتی ہنرمندیاں
- اسکول کے میدان میں بات چیت و معاملت
- ہمجولیوں یا بڑوں کے ساتھ بات چیت و معاملت
- اسکولی سرگرمیوں میں غیر نصابی سرگرمیاں

## عبوری منصوبہ کیا ہے؟

ایک تحریری منصوبہ جس میں پروگرام/ پیش قدمی کے راہوں میں ہونے والی روزانہ کی، مختصر اور طویل مدتی تبدیلیاں درج کی گئی ہیں۔

عبور یا منتقلی میں یہ سب شامل ہو سکتے ہیں:

- اسکول میں داخل ہونا
- ایک سرگرمی سے دوسری سرگرمی تک
- ایک کلاس سے دوسری کلاس تک
- گریڈوں کے درمیان
- ایک اسکول سے دوسرے اسکول تک
- ابتدائی اسکول سے سکینڈری اسکول کے بیچ
- سیکنڈری اسکول سے تعلیم، کیرئیر، کمیونٹی اور زندگی کی گزرگاہ کے بیچ۔

عبوری/منتقلی کے منصوبے میں یہ سب شامل ہیں:

- انفرادی اہداف
- ان ہدفوں کی حصولیابی کے لیے کیے جانے والے کام
- ایسے شناخت شدہ افراد جو مطلوبہ کاموں کے لیے ذمہ دار ہوں۔
- تکملیل کے لیے مخصوص نظام الاوقات

عبوری منصوبےکی تشکیل طلبہ اور ان کے اہلِ خانہ، اسکول، کمیونٹی کی مختلف ایجنسیوں اور مناسب پوسٹ سکینڈری شرکت داروں کے تعاون سے کی جاتی ہے، اور IEP کے نظرِ ثانی کے عمل کے حصے کے طور پر اس پر نظرِ ثانی کی جاتی ہے اور اَپ ڈیٹ کیا جاتا ہے۔

## IEP کی تشکیل کا عمل

### میں اپنے بچے کے لیے اہداف کی منصوبہ بندی میں کس طرح تعاون دے سکتا ہوں؟

اپنے بچے کی قوتوں اور ضرورتوں سے شروع کرنا پہلا اہم قدم ہے۔ آپ اپنے بچے اوراس کے اساتذہ سے اس کے لیے مختصر اور طویل مدتی اہداف طے کرنے کے سلسلے میں گفتگو کا آغاز کرکے مدد کر سکتے ہیں۔

ایسی بہت سے تنظیمیں مہیا ہیں جو IEP کی تفہیم میں مدد کرتی ہیں، اور/ یا اضافی وسائل فراہم کرتی ہیں۔ آپ کے اسکول کا پرنسپل آپ کو ایسی تنظیموں کے نام فراہم کر سکتا ہے جو آپ کے علاقے میں کام کرتی ہیں۔ یہ معلومات آپ کے اسکول کی خصوصی تعلیم مشاورتی کمیٹی کے بروشر میں یا ویب سائٹ www.yrdsb.ca پربھی فراہم ہے۔

## IEP پر عمل درآمد

ایسے بہت سے کام ہیں جنھیں گھر پر ہی کرکے آپ اہداف تک پہنچنے میں اپنے بچے کی مدد کر سکتے ہیں۔

6. بچے کے استاد سے بات کیجیے کہ وہ کن منصوبوں پر عمل کرنا چاہتا ہے۔
7. اپنے بچے کے اہداف میں مدد دینے کے لیے آپ گھر میں جو کچھ کر سکتے ہیں، کیجیے۔
8. اپنے بچے کے استاد سے گفتگو کے ہر موقع کا فائدہ اٹھائیے۔
9. اسکو ل کو اضافی بصیرتیں اور وسائل فراہم کرائیے۔
10. مناسب اہم ذاتی/گھریلو رویدادوں میں شریک کیجیے۔

## IEP کی بازدید اور اَپ ڈیٹ کا عمل

اپنے اہداف تک رسائی میں آپ کے بچے کی پیش رفت پر نظرِرکھی جائے گی۔ پھر IEP کو اَپ ڈیٹ کیا جائے گا تاکہ ایسی تدابیر، رسائیاں اور/ یا وسائل شامل کیے جا سکیں جوسیکھنے کے عمل میں لازماً مدد کرتے ہیں۔

- اپنے بچے کے استاد سے ان اہداف کے بارے میں بات کیجیے جو اس کے لیے متعین کیے گئے ہیں۔
- اس کی پیش رفت کے بارے میں اس کے استاد سے باقاعدہ بات کرتے رہیے۔
- اپنے بچے کے رپورٹ کارڈ پر ایسے شواہد دیکھیے جن سے ہدف کی جانب اس کی پیش رفت کا پتا چلتا ہو۔
- جب اور جہاں ضرورت محسوس ہو، اہداف، تدابیر اور/ یا وسائل میں تبدیلیاں کرنے یا مدد کی صلاح دیجیے۔
- جب جب آپ کے بچہ کے گریڈ، اسکول میں تبدیلی ہو یا آپ ورک پلیس کے مطابق منتقل ہو رہے ہوں، تو بچے کے اسکول میں ہونے والے مذاکروں میں سرگرمی سے شرکت کیجیے۔

## YRDSB SEAC اراکین

Association for Bright Children - York Region North (درخشاں بچوں کی انجمن- شمالی یورک کا علاقہ)
www.abcontario.ca

Association for Bright Children - York Region South (درخشاں بچوں کی انجمن- جنوبی یورک کا علاقہ)
www.abcontario.ca

Autism Ontario - York Region Chapter (آسٹِم اونٹاریو- یورک علاقہ کا چیپٹر)
www.autismontario.com/york

The Canadian National Institute for the Blind (کینیڈا قومی انسٹی ٹیوٹ برائے نابینا افراد/اطفال)
www.ctnsy.ca

Children's Treatment Network of Simcoe York (CTN)
(معالجہ برائے اطفال نیٹ ورک، سِمکوے یورک )
www.ctnsy.ca

Community Living Georgina (جورجینا کمیونٹی رہن سہن)
www.communitylivinggeorgina.com

Community Living Newmarket/Aurora District (کمیونٹی رہن سہن نیو مارکیٹ/ آؤرورا ضلع)
http://www.clnad.com/

Community Living York South (کمیونٹی رہن سہن جنوبی یورک)
http://www.communitylivingyorksouth.ca/

Down Syndrome Association of York Region (یورک علاقے کی ڈاؤن سِنڈروم انجمن)
http://www.dsayr.ca/

Early Intervention Services of York Region (ابتدائی مراحل میں مداخلت کی خدمات- یورک علاقہ)
http://www.york.ca/wps/portal/yorkhome/support/yr/childrenservices/

Easter Seals of Ontario (اونٹاریو کی ایسٹر سیلز)
www.easterseals.org

Learning Disabilities Association - York Region (تعلم میں معذوری کی انجمن- یورک علاقہ)
http://ldayr.org

Learning Disabilities Association – York Region North (تعلم میں معذوری کی انجمن- یورک کا شمالی علاقہ)
http://ldayr.org

VOICE for Hearing Impaired Children (سما عت سے معذور بچوں کے لیے آواز)
http://www.voicefordeafkids.com/

York Support Services Network(یورک سپورٹ سروسز نیٹ ورک)
https://www.yssn.ca/

www.yrdsb.ca @YRDSB
60 Wellington Street West, Aurora, Ontario L4G 3H2